بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبمدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا ذو المقام المحمود صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار مقامِ محمود والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله:

" وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ " (بنی اسرائیل ۷۹)

عن جابر بن عبد الله رضی اللہ عنہ ان رسول الله ﷺ قال من قال حين يسمع النداء اللهم رب هذه الدعوة التامة والصلوة القائمة آت محمدا الوسيلة والفضيلة وابعثه مقاما محمودا الذى وعدته حلت له شفاعتى يوم القيمة:

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۸۶)

اشارہ ہے اس قول کی طرف:

" اور کسی قدر رات کے حصہ میں سو، اسمیں تہجد پڑھا کیجیے جو آپ کیلئے زائد چیز ہے امید ہے آپکا رب آپکو مقامِ محمود میں جگہ دیگا۔"

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اذان سُن کر یہ دُعا پڑھے: اے اللہ، اے رب اِس کامل دُعا اور قائم ہونے والی نماز کے (ہمارے سردار) حضرت محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت عنایت فرما اور (انہیں) اس مقامِ محمود میں اٹھا جسکا تُو نے ان سے وعدہ کیا ہے، قیامت کے دن اس کے لیے میری شفاعت حلال ہو جائیگی۔

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط